# فارم: والدین کے حقوق اور اختیارات سے متعلق معلومات

بطور والدین، اپنے بچہ کی تعلیم کے تعلق سے سب سے اہم صدا آپ کی ہوتی ہے۔ ٹیکساس کا قانون اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ والدین کو مطلع، شامل، اور ان کی تعظیم کئے جانے پر طالب علم سب سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ اپنے بچوں کی تعلیم میں معلمین، منتظمین، اور اسکول بورڈ کے ٹرسٹیز کے ساتھ والدین بھی شریک ہیں۔ چیپٹر 26 سمیت ٹیکساس ایجوکیشن کوڈ میں والدین کے مخصوص حقوق بیان کئے گئے ہیں: والدین کے حقوق اور ذمہ داریاں۔

اپنے بچہ کو مخصوص سوگرمیوں اور ہدایات سے منع کرنے یا ہٹانے کے حق کے ساتھ، یہ فارم ٹیکساس ایجوکیشن کوڈ میں واضح کردہ والدین کے متعدد حقوق اور اختیارات کے بارے میں معلومات پیش کرتا ہے۔ یہ والدین کے تمام حقوق کی مکمل تفصیل نہیں ہے۔ والدین کو اپنے ڈسٹرکٹ کے طلباء کے ہینڈ بک کے ساتھ ساتھ اس فارم کا جائزہ لینا چاہئے۔

## اسکول کے اختیارات کے متعلق حقوق

والدین عوامی اسکول کے اختیارات یا پرائیویٹ اسکول (جس میں ہوم اسکول پروگرامز شامل ہیں) سمیت، اپنے بچہ کے لئے موزوں ترین تعلیمی ترتیب کا انتخاب کرنے کے حقدار ہیں۔ والدین اپنی پسند کی حمایت کرنے کے لئے ایجوکیشنل سیونگز اکاؤنٹس کے ذریعہ فنڈنگ کے اہل ہو سکتے ہیں۔ اگر والدین عوامی اسکولز کا انتخاب کرتے ہیں، تو اس زمرہ میں اختیارات کی بہتات ہے، جس میں آپ کے موجودہ اسکول ڈسٹرکٹ کے اندر اور باہر کے اختیارات جیسے پبلک چارٹر اسکولز اور ورچوئل/ہائی برڈ پروگرامز اور کیمپسیز شامل ہیں۔

اگر والدین اپنے بچہ کو ڈسٹرکٹ کے کسی دوسرے اسکول میں داخل کرنے یا منتقل کرنے کی درخواست دینا چاہیں تو انہیں ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ سے رجوع کرنے کا حق حاصل ہے۔ اپنے بچہ کے جنسی زدوکوب یا ہراساں کئے جانے جیسے مخصوص جرائم کا شکار ہونے پر بھی والدین منتقلی کی درخواست دے سکتے ہیں۔

امن قائم رکھنے والے افسران اور فوجی اہلکاروں کے بچوں کو بھی اس بات سے متعلق مخصوص حقوق حاصل ہیں کہ وہ کس اسکول میں تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر ٹیکساس کے تعلیمی احتسابی نظام کے مطابق بچے کے موجودہ اسکول کو ناقابلِ قبول درجہ دیا جائے، تو والدین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ عوامی تعلیمی گرانٹس تک رسائی حاصل کریں اور اپنے بچے کی کسی دوسرے اسکول یا ڈسٹرکٹ میں متنقل کئے جانے کی درخواست دیں۔

## تعلیمی نصاب اور اضافی خدمات سے متعلق حقوق

والدین کو اپنے بچے کے تعلیمی کیریئر میں حصہ لینے اور اس کی رہنمائی کرنے کا حق حاصل ہے۔ والدین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے بچے کے نصابی مضامین میں تبدیلی کی درخواست کریں، جس میں اسکول کے مجموعی مضامین میں مخصوص کلاسوں کا اضافہ کروانا یا اپنے بچے کو زیادہ اعلیٰ درجے کی کلاس میں داخل کروانا شامل ہے۔ اپنے نصاب میں مشکلات کا سامنا کرنے والے یا ریاستی امتحانات میں تسلی بخش کارکردگی نہ دکھا پانے والے طلباء کے لیے بھی اضافی خدمات دستیاب ہیں۔ والدین کو ان خدمات کے بارے میں مطلع کئے جانے اور انھیں مسترد کرنے کا حق حاصل ہے۔

بچہ کو تعلیمی سال کے دوران مسلسل تیس سے زیادہ تدریسی دنوں کے لئے غیر مصدقہ استاد یا نامناسب طور پر تصدیق شدہ استاد (جیسا کہ اس اصطلاح کی قانون میں تعریف کی گئی ہے) تفویض کئے جانے کی صورت میں ڈسٹرسکٹ کو والدین کو مطلع کرنا چاہئے۔

علاوہ ازیں، اگر کوئی بچہ پری کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 4 تک کی کلاس میں ہو اور کلاس میں سے بائیس سے زیادہ طلباء ہوں تو عام طور پر والدین کو مطلع کیا جانا چاہئے۔

نویں جماعت میں داخل ہونے کے بعد، ڈسٹرکٹ کو اپنے بچے کے لئے کالج کریڈٹ اور کام پر مبنی تعلیمی پروگرام حاصل کرنے کے مواقع کے بارے میں ہر سال والدین کو مطلع کرنا چاہئے، اور والدین طلباء کے ذاتی گریجویشن کے منصوبوں کی ترقی کا حصہ ہوں گے۔

## ریاستی معیارات اور تقاضوں سے متعلق حقوق

سرکاری اسکولوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے نصاب کا انتخاب کرتے وقت ٹیکساس ایسنسیشل نالج اینڈ اسکلز (TEKS) کی متابعت کریں۔

# فارم: والدین کے حقوق اور اختیارات سے متعلق معلومات

والدین کو اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن کے پروسیس کے ذریعہ اند معیارات کی ترق اور اپڈیٹ کرنے میں حصہ لینے کے مخصوص حقوق حاصل ہیں۔

## تدریسی مواد اور لائبریری کے مواد سے متعلق حقوق

بچوں کی تعلیم میں والدین کی شمولیت کو بڑھانے اور برقرار رکھنے کے لئے، والدین کو اپنے بچوں کے کلاس رومز میں استعمال ہونے والے تدریسی مواد تک رسائی اور نگرانی کے متعدد حقوق حاصل ہیں۔ والدین اپنے بچے کے کلاس روم میں استعمال ہونے والے تمام تعلیمی مواد، تدریسی مواد، اور دیگر تعلیمی آلات کا جائزہ لینے کا حق رکھتے ہیں۔ اسی طرح، والدین لائبریری کے دستیاب مواد تک رسائی اور جائزہ لینے کے حقدار ہیں۔ والدین لائبریری کے ان مواد کی فہرستیں پیش کر سکتے ہیں جن تک ان کے بچے کو رسائی کی اجازت نہیں ہے اور اسکول کو لازمی طور پر اس کا نفاذ کرنا چاہئے۔ والدین کو اپنے طالب علم کے لائبریری ریکارڈ تک رسائی حاصل کرنے کے اہل بھی ہونا چاہیئے۔ والدین تدریسی مواد اور لائبریری مواد دونوں کے باضابطہ جائزوں کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## گریڈ، کلاس رینک، اور حاضری کی معلومات سے متعلق حقوق

ہر تعلیمی سال سے پہلے، ڈسٹرکٹ کو ایک ایسی گریڈنگ پالیسی اپنانی چاہئے جس میں کلاس اسائنمنٹس اور امتحانات کے لئے گریڈ دئے جانے کے طریقہ کار کی وضاحت کی گئی ہو۔ اس کے علاوہ، آپ کا ڈسٹرکٹ یا اسکول اپنی ویب سائٹ پر ہر سمسٹر میں پیش کی جانے والی ہر کلاس کے لئے ایک تدریسی منصوبہ یا کورس کا نصاب پوسٹ کرے گا۔ ساتھ ہی ساتھ، ہر بچہ کے استاد کو بھی یہ والدین کو دینا چاہئے، اور والدین کسی بھی وقت دوسری کاپی مانگ سکتے ہیں۔

ٹیکساس میں ایک قانون ہے جس کے تحت مخصوص عمر کے بچوں کو اسکول جانا پڑتا ہے، جسے عام طور پر لازمی حاضری کا قانون کہا جاتا ہے۔ والدین کے پاس کچھ مخصوص حقوق ہیں جو ان کے بچے کو لازمی حاضری سے مستثنی کرتے ہیں یا معذرت شدہ غیر حاضری کی اجازت دیتے ہیں۔ ریاست اس بات کی متقاضی ہے کہ کسی طالب علم کو کورس یا حتمی گریڈ کے لئے کریڈٹ حاصل کرنے کے لئے کلاس میں پیش کیے جانے والے 90 فیصد دنوں کے لئے حاضر ہونا چاہئے۔ تاہم، کچھ مخصوص حالات میں، جب بچہ کی حاضری 90 فیصد سے کم ہو تو والدین کسی کورس یا حتمی گریڈ کی کریڈٹ کے دوبارہ حصول کے لئے ڈسٹرکٹ کی حاضری کمیٹی کو درخواست دے سکتے ہیں۔ چھوٹ جانے والے کام کے لئے طالب علم کے ذمہ دار ہونے پر بھی، والدین اپنے بچہ کو مذہبی تعلیم میں شرکت کے لئے فی ہفتہ 1 سے 5 گھنٹے کی چھٹی دئے جانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اپنے بچہ کے استاد کو تحریری درخواست پیش کر کے والدین اپنے بچہ کو اپنے مذہبی یا اخلاق عقائد سے متصادم ہونے والے کلاس یا سرگرمی سے ہٹا سکتے ہیں۔

ریاستی قانون اب کمشنر آف ایجوکیشن سے گریڈ پوائنٹ ایوریج (GPA) کا حساب لگانے کا ایک معیاری طریقہ تیار کرنے کا تقاضا کرتا ہے جسے ڈسٹرکٹ کو استعمال کرنا چاہئے۔ GPA کا استعمال طلباء کی کلاس کی درجہ بندی میں مدد کے لئے کیا جاتا ہے۔ کلاس رینکنگ کی کچھ مخصوص سطحوں تک پہنچ جانے والے طلباء کے لئے ریاستی تعلیمی اداروں میں خود کار داخلہ کے بارے میں مطلع کرتے ہوئے اسکول ڈسٹرکٹ کی کچھ مخصوص ذمہ داریاں ہیں کہ وہ والدین اور طلباء کو اس کے بارے میں معلومات مہیا کرے۔

والدین کی شمولیت، جن کی ضرورت والدین اور استاد کے اشتراک جس میں شامل ہیں ہوم ورک، اسکول میں حاضری، اور نظم و ضبط کے ایریاز کو بہتر بنانے میں ضرورت پڑتی ہے کے متعلق ہر اسکول ڈسٹرکٹ بورڈ کے منصوبہ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے بھی والدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

## طلباء کے فروغ، حافظہ، اور گریجویشن کی پالیسیوں سے متعلق حقوق

والدین کو اس بات کی درخواست کرنے کے کچھ حقوق حاصل ہیں کہ ان کا بچہ اپنی صلاحیتوں اور ترقی کے لحاظ سے اپنے تعلیمی کیریئر میں زیادہ آہستہ یا تیزی سے ترقی کرے۔ والدین درخواست کر سکتے ہیں کہ ان کا بچہ کچھ خاص درجات یا کورسز دہرائے۔

اگر پڑھنے/زبان کے فنون، ریاضی، سائنس، یا سماجی علوم میں بچہ کی کارکردگی غیر تسلی بخش ہے تو ڈسٹرکٹ کے لئے ضروری ہے کہ وہ والدین کو ہر گریڈنگ کے دورانیے کی آدھی مدت کے بارے میں مطلع کریں۔ اس کے علاوہ، ڈسٹرکٹ کو ہر سال والدین اور ان کے بچے کے اساتذہ کے درمیان ذاتی کانفرنسوں کے لئے کم از کم دو مواقع پیش کرنا چاہئے۔

اسکول ڈسٹرکٹ کو گریجویشن کے تقاضوں کے بارے میں مخصوص معلومات والدین کو فراہم کرنی چاہئے اور ذاتی گریجویشن منصوبوں کی

تیاری میں انھیں شامل کرنا چاہئے۔

## ہیلتھ ایجوکیشن انسٹرکشن کے متعلق حقوق

طالب علم کے تعلیمی تجربے کو اس کے والدین کے اقدار اور عقائد کے ساتھ ساتھ اس کی کمیونٹیز کے مطابق بنانے کے لئے، طلباء کو فراہم کی جانے والی صحت کی تعلیم کے ساتھ والدین کے کچھ حقوق وابستہ ہیں۔ ڈسٹرکٹ کی صحت کی تعلیم اور صحت سے متعلق دیگر فیصلوں کے بارے میں مخصوص فیصلے لینے میں مدد کے لئے، ہر ڈسٹرکٹ میں عموما اندراج شدہ طلباء کے والدین پر مشتمل ایک مقامی اسکول ہیلتھ ایڈوائزری کونسل (SHAC) ہونی چاہئے۔

اسکولوں کی طرف سے انسانی جنسیت کی کوئی ہدایت دینے سے پہلے والدین کو تحریری رضامندی بھی فراہم کرنی چاہئے۔

## جنسی رجحان اور صنفی شناخت سے متعلق حقوق

ریاستی مقننہ نے طالب علموں کے لئے جنسی رجحان یا صنفی شناخت سے متعلق ہدایات اور رہنمائی پر پابندی لگا دی ہے۔ اس کے علاوہ، اسکول ڈسٹرکٹ میں ایک پالیسی ہونی چاہئے اور انھیں معاشرتی تبدیلی سے گزرنے والے طلباء کی عملہ کے ذریعہ مدد کو ممنوع قرار دینا چاہئے۔ والدین کو اس پالیسی کی مشاہدہ شدہ خلاف ورزیوں سے متعلق کچھ حقوق حاصل ہیں اور اسکول بورڈز کو شکایات کی تفتیش کرنی چاہئے۔

## حفاظتی ٹیکوں سے متعلق حقوق

ٹیکساس ڈیپارٹمنٹ آف اسٹیٹ ہیلتھ سروسیز (DSHS) ٹیکساس کے سرکاری اسکولوں میں پڑھنے والے طلباء کے لئے ضروری حفاظتی ٹیکوں کا نفاذ کرتا ہے۔ ایسے والدین جو اپنے بچوں کو ضروری حفاظتی ٹیکوں سے مستثنی کرانا چاہتے ہیں وہ DSHS کی ویب سائٹ سے استثنی کے حلف نامہ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

## صحت کی نگہداشت اور صحت سے متعلق خدمات سے متعلق حقوق

تعلیمی سال کے پہلے دن سے قبل، ڈسٹرکٹ کو والدین کو ان کا بچہ جس کیمپس میں جا رہا ہے اس میں پیش کی جا رہی صحت سے متعلق ہر ایک خدمت کے بارے میں بتانا چاہئے۔ صحت سے متعلق خدمات کیمپس اور ڈسٹرکٹ کے لحاظ سے مختلف ہوں گی لیکن ان میں اسکول کونسلنگ خدمات، جسمانی صحت کی جانچ، ابتدائی طبی امداد، کہنہ بیماریوں کا انتظام، دواؤں کی خوراک دینا، سماجی مہارت کی تربیت، نشیلے مادہ کے غلط استعمال کی روک تھام، ذہنی دباؤ کی دیکھ بھال شامل ہوسکتے ہیں۔ والدین کو نوٹس فراہم کئے جانے کے دوران، صحت سے متعلق کسی بھی خدمت کے لئے رضامندی کو مسترد کرنے یا انکار کرنے کے والدین کے حق کا ایک بیان بھی فراہم کیا جانا چاہئے۔

والدین اپنے بچہ کے لئے طبی اور صحت کی نگہداشت کے فیصلے کرنے کا اپنا حق برقرار رکھتے ہیں اور کسی بھی قسم کی نگہداشت فراہم کرنے سے پہلے رضامندی لی جائے گی الا یہ کہ یہ زندگی بچانے والی نگہداشت کے لئے ہو یا بصورت دیگر ممنوع ہو یا دیگر موجودہ قوانین کے تحت اس کی ضرورت نہ ہو۔

اگر والدین کی فراہم کردہ دوائی کی میعاد ختم نہ ہوئی ہو، اصل کنٹینر میں موجود ہو، اور والدین کی طرف سے درخواست کردہ خوراک کنٹینر کے لیبل سے مطابقت رکھتی ہو تو والدین اسکول کے سامنے اپنے بچہ کو غیر نسخہ جاتی دوا دئے جانے کی تحریری درخواست پیش کر سکتے ہیں۔ ایسی نسخہ جاتی دوائیں جنھیں والدین اپنے بچہ کو اسکول کے دوران دینا چاہتے ہوں انھیں بھی ایک تحریری درخواست کے ساتھ پیش کیا جانا چاہئے جس میں مذکور ہو کہ اسے اسکول کے دوران بچہ کو دیا جائے۔

اسکول کونسلرز کو ریاستی قانون اور اصولوں کے مطابق اسکول کا ایک جامع کونسلنگ پروگرام نافذ کرنا چاہئے۔ تاہم، ہر اسکول کو والدین کے لئے پروگرام کے سالانہ جائزہ کا انعقاد کرنا چاہئے، اور والدین اس پروگرام کے تحت فراہم کردہ خدمات سے اپنے بچہ کو ہٹانے کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

## ہونہار اور باصلاحیت طلباء کے پروگرامز سے متعلق حقوق

اسکول ڈسٹرکٹ کو ہونہار اور باصلاحیت مانے جانے والے طلباء کی شناخت اور خدمت کے لئے ایک طریقہ کار تیار کرنا چاہئے۔ ہر ایک ڈسٹرکٹ میں ہونہار اور باصلاحیت طلباء کی شناخت اور خدمت کئے جانے کی پالیسی ہوتی ہے۔

## خصوصی تعلیم، دو لسانی تعلیم، اور خصوصی زبان کے پروگرامز سے متعلق حقوق

معذور طلباء اور ابھرتے ہوئے دو لسانی طلباء وفاق اور ریاستی دونوں قانونوں کے تحت کچھ مخصوص تحفظات اور پروگرامنگ کے حقدار ہوتے ہیں۔ والدین کو ان کے تعلیمی تجربے میں شامل ہونے اور باخبر ہونے کا حق حاصل ہے اور وہ اپنے بچہ کی تعلیمی ضروریات سے متعلق میٹنگز میں اپنی شرکت کو یقینی بنانے کے لئے مخصوص نوٹس وصول کرنے کے حقدار ہیں۔

ایسے طلباء کے والدین جو ابھرتے ہوئے دو لسانی ہیں جو دو لسانی یا مخصوص زبان کے پروگرامز کے لئے اہل ہیں یا اہل ہو سکتے ہیں ان پروگرامز میں اپنے حقوق کے متعلق معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

ایسے طلباء کے والدین جو خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرتے ہیں یا جو سمجھتے ہیں کہ ان کے طلباء خصوصی تعلیمی خدمات کے اہل ہو سکتے ہیں مزید معلومات کے لئے خصوصی تعلیم برائے والدین کا عمومی جائزہ فارم کا جائزہ لے سکتے ہیں SpedTex تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

## ڈیٹا اکٹھا کرنے کے طریقوں سے متعلق حقوق

اسکول میں طالب علم سے حاصل کردہ طالب علم اور خاندان سے متعلق معلومات کے لئے مخصوص تحفظات دستیاب ہیں۔ متعدد قسم کے سروے یا معلومات اکٹھا کرنے کے لئے ان کے ہونے سے پہلے والدین کی رضامندی درکار ہوتی ہے، بشمول ان معلومات کے جن میں طالب علم کے بایومیٹرک شناخت کنندہ جیسے فنگر پرنٹس یا ریٹنا اسکین کو اکٹھا کرنا شامل ہو۔ اسکول ڈسٹرکٹ کو ایسی مقامی پالیسیاں جو سروے یا جسمانی امتحانات کے دوران والدین کے حقوق کا احاطہ کرتی ہیں اور طلباء سے ذاتی معلومات اکٹھی کرتی ہیں بنانے کے لئے والدین سے مشورہ کرنے کی بھی درکار ہوتی ہے ۔

اس کے علاوہ، ان معلومات کو جاری کرنے کے لئے والدین کی رضامندی کے بغیر، محدود استثناء کے ساتھ، طالب علم کی سطح کی معلومات کا اجراء ممنوع ہوگا۔

## شکایات کے طریقہ کار سے متعلق حقوق

جب انہیں شبہ ہو کہ کسی تقاضہ پر عمل نہیں کیا جا رہا ہے تو والدین کے پاس کئی اختیارات ہوتے ہیں۔ آپ کو اپنے بچے کے استاد(استادوں) اور کیمپس کے منتظمین کے ساتھ عدم اتفاق کے ذریعہ کام کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ اسکول ڈسٹرکٹ میں شکایت کا ایک مقامی عمل بھی ہونا چاہئے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ والدین اپنی تشویش کو دور کرنے اور بورڈ آف ٹرسٹیز، یا بورڈ کے کچھ ممبران پر مشتمل ایک کمیٹی کو قانون کی طرف سے مقرر کردہ ٹائم لائنز کے اندر شکایت جمع کروا سکتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ کے لئے ضروری ہے کہ وہ شکایات حل کرنے کے اپنے طریقہ کار اور شکایات درج کرنے کے فارمز کو اپنی ویب سائٹس اور طالب علم کے کتابچہ میں پوسٹ کریں۔

کچھ مخصوص معاملات میں، والدین کمشنر آف ایجوکیشن کے سامنے اپیل کر سکتے ہیں۔ اگر ایسا لگتا ہے کہ کوئی سرکاری اسکول ریاستی تعلیمی قانون کی خلاف ورزی کر رہا ہے، تو والدین ایجنسی میں بھی شکایت درج کر سکتے ہیں۔